# رضا حیدر شہید سمیت تمام کارکنان کے بہیمانہ قتل کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے، انیس قائم خانی

## جب وفاقی وصوبائی محکمہ داخلہ کو دہشت گرد عناصر کے ناپاک منصوبوں کا علم تھا تو ان کی بروقت سرکوبی کیوں نہ کی

## نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ارکان کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس قائم خانی نے حکومت پر واشگاف الفاظ میں واضح کیا ہے کہ اب الفاظ نہیں عملی اقدامات کی ضرورت ہے حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر شہید سمیت ہمارے تمام کارکنوں کے قاتلوں کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے۔ انہوں نے سوال کیا کہ جب وفاقی وصوبائی محکمہ داخلہ کو دہشت گرد عناصر اوران کے ناپاک منصوبوں کا پہلے سے علم تھا تو ان دہشت گردوں کی بروقت سرکوبی کیوں نہ کی گئی اگر حکومت کے پاس شواہد اور اطلاعات تھیں تو ان دہشتگردوں پر ہاتھ کیوں نہیں ڈالا گیا۔ انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ رضا حیدر شہید کے بہیمانہ قتل کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے اور قاتلوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے۔ یہ بات انہوں نے منگل کی شام خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں دیگر ارکان رابطہ کمیٹی انیس ایڈووکیٹ ،محترمہ نسرین جلیل ،سید مصطفی کمال ، رضا ہارون ، کنور خالد یونس ،وسیم آفتاب ، یوسف شاہوانی ، واسع جلیل اوراشفاق منگی کے ہمراہ ایک ہنگامی اور پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے کہی ۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم اپنے مئوقف پر اب بھی قائم ہیں کہ شہر میں ڈرگ اور لینڈ مافیا اور طالبان امن خراب کررہے ہیں ، اے این پی اپنی پالیسی تبدیل کرے ، خیبر پختونخواا اور سندھ میں اس کی پالیسی الگ الگ ہے اور ڈرگ و لینڈ مافیا کے کارندے اور طالبان کراچی میں ان کے زیراثر علاقوں میں موجود ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ ہم کراچی اور ملک کی خاطر پیپلز پارٹی سے اتحاد کئے ہوئے ہیں کراچی ملک کی شہ رگ ہے اسے تباہی سے بچایا جائے ۔ ایک اورسوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ شہید رضا حیدر کے قاتلوں کے خلاف ایف آئی آر جلد کٹوائی جائے گی ان کے قتل میں وہی لوگ ملوث ہیں جو شہر کا امن خراب کرنا چاہتے ہیں ۔ قائد تحریک الطاف حسین اور صدر آصف علی زرداری کی لندن میں ملاقات کے حوالے سے ہونے والے ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ ہمارے لوگ شہید ہورہے ہیں جسے تعزیت کرنی ہو وہ ہمارے پاس آکر کرے ۔ کراچی میں ڈرگ و لینڈ مافیا اور طالبان کے خلاف ایک سخت آپریشن کی ضرورت ہے ، ہم رینجرز اور پولیس کی بات نہیں کرتے ہم امن چاہتے ہیں خواہ وہ کسی کے ذریعے بھی ہو ۔ ایک اورسوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ شریعت بل ہو یا این آر او ایم کیوایم اپنے اصولوں پر قائم ہے اور میڈیا کی آزادی پر یقین رکھتی ہے جو بھی میڈیا کے خلاف بات کریگا ہم اس کی مذمت کریں گے ۔ پنجاب اسمبلی میں جب میڈیا کے خلاف قرارداد منظور ہوئی تو ہم نے ہی سب سے پہلے اس کی مذمت کی ۔ انہوں نے کہا کہ اس حقیقت سے بخوبی آگاہ ہیں کہ شہر میں گزشتہ چندماہ سے ایم کیوایم کے معصوم و بے گناہ کارکنوں کو چن چن کر شہید کیا جارہا ہے، گزشتہ چند روز کے دوران مختلف واقعات میں ہمارے درجنوں بے گناہ ساتھیوں کو شہید کیا جاچکا ہے اور کل بروز پیر ہمارے ہردلعزیز سینئر ساتھی اور رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر کو بیدردی سے شہید کردیا گیا ۔ سید رضا حیدر پیر کے روز ایک نماز جنازہ میں شرکت کیلئے ناظم آباد نمبر 2 میں گئے تھے جہاں وہ جامعہ مسجد میں وضو کررہے تھے کہ جدید وخودکار ہتھیاروں سے مسلح دہشت گردوں نے رضا حیدر کو باقاعدہ نشانہ بنا کر گولیاں ماریں جسکے نتیجے میں سید رضا حیدر اور انکے محافظ محمد خالد خان شہید ہوگئے ۔ دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم ناظم آباد کے ایک ہمدرد محمد ذیشان بھی زخمی ہوئے ۔ رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر شہید ایم کیوایم کے سینئر اور سرگرم کارکنان میں شمار کئے جاتے تھے جو رکن اسمبلی منتخب ہونے سے قبل مختلف تنظیمی ذمہ داریوں پر فائز رہے ۔ سید رضا حیدر کی شہادت کا المناک واقعہ ہمارے لئے ایک بہت بڑے سانحہ کی حیثیت رکھتا ہے جس پر ایم کیوایم کے ہر کارکن کا دل خون کے آنسو رو رہا ہے ۔ رضا حیدر شہید تحریک کے ایک بہت پرانے اور ابتدائی دنوں کے ساتھی تھے جو ہر مشکل سے مشکل اور کٹھن حالات میں بھی تحریک سے جڑے رہے ، انکی شہادت سے تحریک اپنے ایک سچے ساتھی سے محروم ہوگئی ہے ، سید رضا حیدر کی شہادت تحریک کیلئے ایک بہت بڑا نقصان ہے جس کی تلافی نہیں ہوسکتی ۔ انہوں نے یاد لایا کہ یہ دہشت گردی کا پہلا واقعہ نہیں ہے بلکہ گزشتہ چند ماہ کے دوران ہمارے ایسے ہی کئی پیارے پیارے ساتھی دہشت گردی کا نشانہ بن چکے ہیں ۔ 23 جولائی کو گلستان جوہر میں ایم کیوایم کے یونٹ B پر مسلح دہشت گردوں نے حملہ کیا جس کے نتیجے میں یونٹ کمیٹی کے رکن رضوان شاہ شہید اور متعدد کارکنان زخمی ہوگئے ۔ بلدیہ ٹاؤن میں متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی یوسی 1 کے پختون کارکن نذیر خان کو فائرنگ کرکے شہید کیا گیا ، اسی طرح اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 124 کے کارکن اصغر حسین ، ایم کیوایم ابراہیم حیدری سیکٹر یونٹ علی اکبر شاہ گوٹھ کے یونٹ انچارج جعفر عالم اور متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی شاہ فیصل سیکٹر یوسی 7 کے رکن ڈاکٹر محمد عرفان کو فائرنگ کرکے شہید کیا گیا ۔ اتوار یکم اگست کی شام ہی کو ہمارے سابق حق پرست کونسلر جمیل خانزادہ کو شاہ فیصل کالونی کے قبرستان میں اس وقت فائرنگ کرکے شہید کردیا گیا جب وہ اپنے ایک مرحوم عزیز کی قبر پر فاتحہ خوانی کررہے تھے ۔ ابھی ہم جمیل خانزادہ شہید کی تدفین بھی نہیں کرپائے تھے کہ ہمارے رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر کو مسجد کے اندر گولیوں کا نشانہ بنا کر شہید کردیا گیا ۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے یہ کہا ہے کہ رضا حیدر شہید کے قتل میں کالعدم دہشت گرد تنظیمیں ملوث ہیں اوران کا یہ بھی کہنا ہے کہ محکمہ داخلہ کو اس حوالے سے پہلے بھی اطلاعات تھیں کہ کالعدم تنظیمیں اس قسم کی کارروائی کرنا چاہتی ہیں ۔ ہمارا سوال یہ ہے کہ جب وفاقی اور صوبائی محکمہ داخلہ کو دہشت گرد عناصر اوران کے ناپاک منصوبوں

کا پہلے سے علم تھا تو ان دہشت گردوں کی بروقت سرکوبی کیوں نہ کی گئی؟ اگر حکومت کے پاس شواہد اور اطلاعات تھیں تو ان دہشت گردوں پر ہاتھ کیوں نہ ڈالا گیا؟ انہوں نے کہا کہ آپ صحافی حضرات بھی گواہ ہیں کہ قائد تحریک الطاف حسین گزشتہ کئی برسوں سے اس خطرے سے بارہا آگاہ کرتے رہے کہ کراچی میں طالبانائزیشن ہو رہی ہے اور طالبان اور دیگر جہادی تنظیمیں کراچی کے مخصوص علاقوں میں اپنے ٹھکانے بنا رہی ہیں، ایم کیو ایم کی پوری قیادت حکومت کو نشاندہی کرتی رہی لیکن ہمیں افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ صوبائی حکومت نے اس پر کوئی کان نہیں دھرا بلکہ حکومت کی بعض شخصیات تو اس کھلی حقیقت سے صاف انکار کرتی رہیں۔ دوسری جانب عوامی نیشنل پارٹی جو صوبہ خیبر پختونخوا میں طالبان کے خلاف برسرِپیکار ہونے کا دعویٰ کرتی ہے وہ بھی اس معاملے کو لسانی رنگ دیکر کراچی میں طالبان کی کھلی حمایت کرتی رہی اور آج بھی کر رہی ہے۔ کون نہیں جانتا کہ قبائلی علاقوں اور صوبہ خیبر پختونخوا کے مختلف شہروں سے فرار ہو کر آنے والے دہشت گرد کن مخصوص علاقوں میں آکر پناہ لیتے ہیں۔ اس حقیقت سے بھی سب ہی واقف ہیں کہ طالبان اور دیگر کالعدم تنظیموں کے بڑے بڑے دہشت گرد بھی انہی علاقوں سے گرفتار کئے گئے جہاں لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور اسلحہ مافیا نے غیر قانونی قبضے کر کے اپنے اڈے بنائے ہوئے ہیں۔ ہم اتنے بڑے سانحہ سے دوچار ہوئے ہیں لیکن ہم کسی پر کوئی الزام نہیں لگا رہے ہیں بلکہ وہ حقائق بیان کر رہے ہیں جو پوشیدہ نہیں بلکہ سب کے سامنے ہیں۔ اگر اب بھی ان حقائق سے انکار کیا جاتا رہے گا اور حقائق سے انکار کی روش اپنائی جاتی رہے گی تو مرض کا علاج نہیں کیا جا سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم تو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر ملک بالخصوص خیبر پختونخوا میں آنے والے قیامت خیز سیلاب کے متاثرین کی امداد میں مصروف ہیں، سیلاب زدگان کیلئے امدادی کیمپ لگانے اور امدادی سامان جمع کرنے میں مصروف تھے، ہماری امدادی ٹیمیں بلوچستان کے شہر نصیر آباد جا کر متاثرین کی امداد کر رہی تھی لیکن انسانیت کے دشمن عناصر ہمارا خون بہا رہے ہیں اور ہمیں مذہبی انتہا پسندی، ڈرگ مافیا، اسلحہ مافیا اور لینڈ مافیا کے خلاف آواز اٹھانے کی سزا دی جا رہی ہے۔ ہمارا حکومت سے یہی کہنا ہے کہ صرف بیان بازی پر اکتفا نہ کیا جائے اور سید رضا حیدر شہید اور ہمارے دیگر تمام شہیدوں کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، عوام کو کالعدم تنظیموں کے نام نہیں چاہئیں بلکہ ہم درندہ صفت قاتلوں کو قانون کی گرفت میں دیکھنا چاہتے ہیں، ہم ایک بار پھر یہ کہتے ہیں کہ حقائق سے انکار کی دنیا سے نکلا جائے اور ہر قسم کی مصلحت سے بالاتر ہو کر دہشت گردوں کا قلع قمع کیا جائے۔ ہم صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سمیت تمام ارباب اختیار سے مطالبہ کرتے ہیں کہ رضا حیدر شہید کے بہیمانہ قتل کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے اور قاتلوں کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اپنے سینئر ساتھی کی شہادت پر ہم بھی بدلہ لینے کی بات کر سکتے تھے لیکن اس المناک سانحہ پر قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اپنے ساتھیوں کو یہی تلقین کی کہ وہ پرامن رہیں، اپنے جذبات کو قابو میں رکھیں اور صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔ ہم نے رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر کی شہادت کے سانحہ پر تین روزہ پرامن سوگ منانے کا اعلان کیا ہے اور ہم تمام کارکنان سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ پرامن رہ کر اپنے شہیدوں کا سوگ منائیں اور قانون کو ہرگز اپنے ہاتھ میں نہ لیں اور شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کریں۔ ہم نے اپنا مقدمہ اللہ تعالیٰ کی عدالت میں پیش کر دیا ہے، ہمیں اللہ تعالیٰ کے انصاف پر پورا یقین ہے اور ہمارا ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی بہتر انصاف کرنے والا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم درندہ صفت قاتلوں اور ان کے تمام سرپرستوں اور حامیوں کو صاف اور دوٹوک الفاظ میں یہ بتا دینا چاہتے ہیں کہ قتل وغارتگری اور دہشت گردی کے ذریعے ہمارے حوصلوں کو پست نہیں کیا جا سکتا، اپنے مشن اور مقصد کیلئے آگ اور خون کے دریا عبور کرنا اور صبر واستقامت سے اپنے مقصد پر قائم رہنا ہمارے بزرگوں کی روایت ہے، ہم نے ظلم وجبر اور بندوق کے آگے نہ ماضی میں سر جھکایا ہے اور نہ آئندہ سر جھکائیں گے اور اپنے بزرگوں کی روایت پر قائم رہتے ہوئے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے اور ہمیں یقین ہے کہ ہمارے شہیدوں کا مقدس لہو رائیگاں نہیں جائے گا اور ہماری جدوجہد کامیابی سے ضرور ہمکنار ہوگی۔ ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ سید رضا حیدر شہید، محمد خالد خان شہید اور تمام شہیدوں کی قربانی کو قبول فرمائے، شہیدوں کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ تحریک کے تمام ہمدردوں، ماؤں، بہنوں اور بزرگوں سمیت تمام عوام سے کہا کہ وہ پرعزم رہیں اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں کہ وہ اپنی بے آواز لاٹھی کو حرکت میں لائے اور ہمارے دشمنوں کی ناپاک سازشوں کو ناکام بنائے۔ ہم ان تمام سیاسی ومذہبی اور سماجی رہنماؤں، علمائے کرام، تاجروں، صنعتکاروں اور زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے اس سانحہ پر ہم سے ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔

## حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر شہید اوران کے محافظ خالد خان کو سپرد خاک کردیا گیا

### شہداء کی نماز جنازہ تاریخی جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ادا کی گئی، علامہ قاسم رضا اور مولانا فیروز الدین رحمانی نے نماز جنازہ ادا کی

### نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست منتخب نمائندگان، ہزاروں ذمہ داران اور کارکنوں کے علاوہ شہداء کے لواحقین کی شرکت

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

پیر کی شام مسلح دہشت گردوں کی وحشیانہ فائرنگ سے شہید ہونے والے حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر کو شہداء اوران کے محافظ خالد خان کو ہزاروں سوگواروں کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان منگل کے روز سپرد خاک کردیا گیا۔رضا حیدر شہید کی تدفین شہداء قبرستان عزیز آباد میں اور خالد خان کی تدفین اورنگی ٹاؤن توحید کالونی میں واقع جنت البقیع میں عمل میں آئی۔اس سے قبل حق پرست شہداء کی نماز جنازہ جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ادا کی گئی۔سید رضا حیدر شہید کی نماز جنازہ علامہ محمد قاسم رضا نے جبکہ محمد خالد خان شہید کی نماز جنازہ مولانا شاہ فیروز الدین رحمانی نے ادا کی۔نماز جنازہ میں تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے سوگواروں نے شرکت کی اور دونوں مسالک کے علماء کی امامت میں نماز جنازہ ادا کی۔اس موقع پر اتحاد بین المسلمین اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کا بے مثال مظاہرہ دیکھنے میں آیا۔ایم کیو ایم کے پرچم سے لپٹی ہوئی شہداء کی میتیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمولینسوں کے ذریعے جناح گراؤنڈ لائی گئیں۔نماز جنازہ میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو یز انیس احمد قائم خانی، دیگر ارکان رابطہ کمیٹی کے علاوہ حق پرست سینیٹرز، وفاقی وصوبائی وزراء، مشیران، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، سابق حق پرست بلدیاتی نمائندوں، ایم کیو ایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ذمہ داران وکارکنان اور ہزاروں حق پرست عوام کے علاوہ شہید رضا حیدر کے معصوم بچوں اور محافظ خالد خان شہید کے والد ودیگر اہلخانہ نے بھی شرکت کی۔اس موقع پر خواتین کی ایک بڑی تعداد آخری دیدار کیلئے نائن زیرو پر موجود تھی۔نماز جنازہ کے بعد فلک شگاف نعروں اور کلمہ طیبہ کے ورد کے درمیان جنازے اٹھائے گئے تو انتہائی رقت انگیز مناظر دیکھنے میں آئے۔ہزاروں کارکنان کے جلوس کی شکل میں سید رضا حیدر کا جنازہ شہداء قبرستان لے جایا گیا جہاں انہیں سپرد خاک کردیا گیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم کے کارکنان اور شہداء کے لواحقین شدت جذبات سے بے قابو تھے اور پھوٹ پھوٹ کر رو رہے تھے۔جبکہ ایم کیو ایم کے ارکان رابطہ کمیٹی اور دیگر ذمہ داران وکارکنان کی آنکھیں بھی اشکبار تھیں اور وہ شدت غم سے نڈھال ہونے کے باوجود سوگوار کارکنوں اور شہداء کے لواحقین کو دلاسہ دے رہے تھے۔اس سے قبل شہداء کے جنازے جناح گراؤنڈ میں پہنچائے گئے تو نائن زیرو کی فضاء ''خون رنگ لائے گا۔۔انقلاب آئے گا'''' رضا حیدر تیرے خون سے انقلاب آئے گا'' نعرہ حیدری یاعلی''، درودِ شریف اور کلمہ طیبہ سے گونج اٹھا۔

## حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر شہید کا سوئم جمعرات بعد نماز ظہر خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہوگا

کراچی۔۔۔3اگست2010ء

پیر کے روز مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر شہید کا سوئم جمعرات کو ہوگا۔اس سلسلے میں شہید کے ایصال ثواب کیلئے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں بعد نماز ظہر قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کا انتظام کیا گیا ہے جبکہ بعد نماز ظہر تا عصر بوتراب امام بارگاہ واقع عزیز آباد بلاک 8 فیڈرل بی ایریا میں مجلس بھی ہوگی۔قرآن وفاتحہ خوانی کے ان اجتماعات میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، منتخب حق پرست عوامی نمائندے، ایم کیو ایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان ،سیکٹرز ویونٹس کمیٹی کے ذمہ داران، کارکنان اور، ہمدردوں کے علاوہ رضا حیدر شہید کے عزیز واقارب شرکت کریں گے۔

## حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا خان کے محافظ خالد خان شہید کا سوئم جمعرات کو اورنگی ٹاؤن میں ہوگا

کراچی۔۔۔3اگست2010ء

پیر کے روز مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر شہید کے محافظ خالد خان شہید کا سوئم صبح تا عصر مسجد قباء بلاک 7 اسلام نگر نزد ان کی رہائشگاہ مکان نمبر D269 سیکٹر D-11 اورنگی ٹاؤن میں ہوگا جس میں شہید کی روح ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائیگی۔

## کراچی اوراندرون سندھ سے شہرایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر شہریوں کی ٹیلی فون کالز کا تانتا
## رضا حیدر اوران کے محافظ کی شہادت پرغم وغصہ کا اظہار

کراچی۔۔۔3اگست 2010ء

حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر کی شہادت کے فوری بعد کراچی اور اندرون سندھ سے بڑی تعداد میں ٹیلی فون کالزموصول ہوئیں ہے جس میں ان کی جانب سے اس دلخراش واقعہ پر شدیدغم وغصہ اورسخت ردعمل کا اظہار کیا گیا۔رات گئے تک عوام خصوصاً بزرگون ،خواتین اور مشتعل نو جوانوں نے نائن زیروفون پر رابطہ کر کے کہا ہے کہ اب بہت ہو چکا ہے ہم آخر کب تک اپنے پیاروں کی اس طرح لاشیں اٹھاتے رہیں گے،ایم کیوایم سندھ اوروفاق کی سطح پرمخلوط حکومت میں اپنی شمولیت پرنظر ثانی کرے اورفوری طور پرحکومت سے باہرآجائے ایسی حکومت اوراسمبلیاں کسی کام کی جس میں ہوتے ہوئے ہم اپنے کارکنوں اوراراکان اسمبلی کی جانوں کا تحفظ تک نہ کرسکیں،ان ٹیلی فون کالز میں مزید کہا گیا ہے کہ قومی وسندھ اسمبلی اپنے ہونے کا جواز کھوچکی ہے ایم کیوایم کے کارکنان ذمہ دارقتل ہورہے ہیں اور لینڈ وڈرگ مافیا کے کارندوں کے ہاتھوں ہمارے بچے آخر کب تک اسی طرح قتل ہوتے رہیں گے۔

## ایم کیوایم راولپنڈی زون میں سیدرضا حیدرشہیداورمحافظ خالدخان کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ کا اجتماع

راولپنڈی۔۔۔3،اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ راولپنڈی زون کے زیر اہتمام حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدرشہیداوران کے محافظ خالد خان شہید کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع منعقد کیا گیا۔اس سلسلے میں ایم کیوایم راولپنڈی زون میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اورشہیدوں کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔اجتماع میں آزادکشمیرقانون ساز اسمبلی کے حق پرست رکن محمد طاہرکھوکھر ،ایم کیوایم راولپنڈی زون کے زونل انچارج زاہد ملک،جوائنٹ زونل انچارج راؤمنصور،کیپٹن (ر)رحیم شاہ،اقرارشاہ سیکرٹری اطلاعات گل اخلاق حسین ،اراکین زونل کمیٹی ،ایم کیوایم ضلع راولپنڈی ،اسلام آباد کے انچارج،ضلعی کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان اور ہمدردوں نے شرکت کی ۔بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں شہداء کے بلندر درجات ،لواحقین کیلئے صبرجمیل ،ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے اورحق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی کے علاوہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراورصحت تندرستی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔

☆☆☆☆☆